

اولمپیئن ارشد ندیم نمبر
ALL SPORTS
Magazine with a Commitment
آل اسپورٹس
CELEBRATING
1999 25TH 2024
ANNIVERSARY
ارشد ندیم
پاکستان کی
پہچان
PAKISTAN
TDK
NADEEM
OREGON22
سید وزیر علی قادری
(مدیر اعزازی)

# QURAN INSTITUTE FOR WOMEN

Empowering Women and Girls through Islamic Education and Quranic Teachings

Under the auspices of the **Quran Educational Trust,**
the **Quran Institute** was founded in the year 2000, to provide high-quality Islamic education and Quranic training for women and girls.

**About us**

A leading institution dedicated to spreading the teachings of the Quran and Islam.
53campuses across Pakistan offering Qur'anic education to women and girls.

**We Offer**

Quran Translation & Tafseer.
Islamic Jurisprudence (Fiqh).
Hadith & Sunnah Studies.
Spiritual & Character Development.
Social and Ethical Guidance

**Our Mission**

To empower women through Quranic education and Islamic teachings, guiding them to live with faith, purpose, and integrity.
To foster spiritual growth, character development, and leadership based on Islamic values for the betterment of society.

**The Quran Institute** relies on your support to continue our mission of providing Islamic education and empowerment to women. Together, we can make a lasting impact.

**For Donations or Inquiries, Contact: +92-3018221263**




الحمدللہ

ALL SPORTS

Magazine with a Commitment

# آل اسپورٹس

کی اشاعت کے 25 سال مکمل




CELEBRATING 25TH ANNIVERSARY 1999 2024



















آئندہ شمارہ

## سلور جوبلی نمبر

اہم شخصیات کے پیغامات، آل اسپورٹس کا سفر و دیگر

قارئین کی دلچسپی کے لئے نگارشات

**اشتہارات کے لئے رابطہ کریں**

: +923408781451

: allsports.khi@yahoo.com

: allsportspak.com

: All Sports House, I.I. Chundrigar Road, Karachi, Pakistan

ALL SPORTS آل اسپورٹس ماہنامہ کراچی

# کامیابی پر اہلیہ کا ردعمل

## 3 راتیں جاگ کر دعائیں کیں، فائنل نہیں دیکھا، نماز قرآن پڑھتی رہی: اہلیہ ارشد ندیم

ارشد ندیم کی اہلیہ نے ایک نجی ٹی وی چینل کو شرماتے ہوئے بتایا کہ ان کی ارشد سے محبت کی شادی ہوئی تھی۔ پیرس اولمپکس کے گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم نے کہا کہ ان کی اہلیہ نے جیولین تھرو کا فائنل مقابلہ نہیں دیکھا کیوں کہ وہ دعا کررہی تھیں۔ شادی سے متعلق ارشد ندیم نے بتایا کہ ان کی شادی 2016 میں ان کی بھابھی کی سب سے چھوٹی بہن سے ہوئی، شادی بھائی کی شادی کے ڈیڑھ سال بعد ہوئی، اس دوران اہلیہ سے اچھی ہم آہنگی ہوگئی تھی۔ ارشد کے ساتھ شادی پسند کی تھی۔ اہلیہ ارشد ندیم نے بتایا کہ میں غصے کے وقت خاموش ہوجاتا ہوں اور ہمیشہ مجھے اہلیہ ہی مناتی ہیں لیکن اہلیہ کو میں غصہ آنے ہی نہیں دیتا۔ اہلیہ سے متعلق ارشد نے بتایا کہ ماں باپ تو اپنی اولاد کیلئے دعا کرتے ہی ہیں لیکن ہر کامیاب مرد کے پیچھے ایک



عورت کا ہاتھ ہوتا ہے، اہلیہ نے میرا فائنل کا مقابلہ نہیں دیکھا، یہ اس وقت بھی اللہ سے دعائیں مانگ رہی تھیں، مقابلے سے قبل رات کو کسی بھی وقت اہلیہ کو فون کرتا تو وہ جاگ رہی ہوتی تھیں، رات گئے 3 بجے فون کرتا تو تہجد پڑھ رہی ہوتی تھیں۔ اہلیہ کا کہنا تھا کہ ارشد کے مقابلے سے قبل 3 دن تک نہیں سو پائی اور نہ کچھ کھا پی رہی تھی۔ ارشد مجھ سے کہتے رہے انشااللہ تمغہ ہمارا ہے، میں سو جاؤں میری طبیعت خراب ہوجائے گی لیکن میں نہیں سو سکی، اللہ سے رو رو کر دعائیں مانگتی رہی کیوں کہ ارشد انجری کی وجہ سے پریشان تھے، میں نے انہیں ہمت دلائی اور پھر اللہ سے دعا کی، مجھے امید تھی کہ ارشد نے سونے کا تمغہ لے کر آنا ہے، انہیں کہا تھا کہ پہلی تھرو میں ہی آپ فائنل میں پہنچ جائیں گے اور وہی ہوا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ارشد کا فائنل تھا تب بھی میں نے ٹی وی نہیں دیکھا، اس وقت بھی قرآن پاک میرے ہاتھ میں تھا اور اس دوران دل بہت گھبرا رہا تھا، جیتنے کے بعد مجھے کالز آئی تو خوف سے ریسیو نہیں کی، تب بیٹی نے کہا ماما اٹھائیں انشااللہ خوشخبری کی کال ہوگی پھر بھی نہیں اٹھائی، تب چھوٹے دیور نے بتایا کہ مبارک ہو! جس پر میں پھوٹ پھوٹ کر رو دی اور شکرانے کے نفل ادا کیے۔

**والد محترم:** بیٹے کی کامیابی پر آنکھوں سے آنسو نکل پڑے تھے۔ شکرانے کا سجدہ ادا کیا۔ قوم کو بھی یہ جیت مبارک ہو۔

**والدہ محترمہ:** اپنے بیٹے کی کامیابی کے لیے بہت دعائیں کیں، خوشی ہے کہ بیٹے نے ملک کا نام روشن کیا۔ قوم کے ہر فرد نے بھی میرے بیٹے کی کامیابی کے لیے دعا کی۔

**ہمشیرہ:** اللہ تعالی نے میرے بھائی کی تمغہ جیتنے کی دلی خواہش پوری کردی۔

**بھائی:** کم وسائل کے باوجود ارشد ندیم نے ریکارڈ تھرو کی۔



## طلائی تمغہ جیتنے پر بھینس دی، 5 ایکڑ زمین دے دیتے ارشد ندیم کی سسر سے خواہش

پیرس اولمپکس میں پاکستان کو تاریخی فتح دلوانے والے ارشد ندیم نے اپنے سسر کی جانب سے دیے جانیوالے تحفے کے بارے میں بتایا ہے، اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کو ان دنوں پاکستان سے انعامات سے نوازا جارہا ہے اور کچھ روز قبل ان کے سسر نے بھی داماد کے لیے تحفے میں بھینس دینے کا اعلان کیا تھا، مقامی میڈیا سے گفتگو کے دوران ارشد کے سسر نے کہا تھا کہ جیت کی خوشی میں وہ اپنے داماد کو دودھ دینے والی بھینس تحفے میں دیں گے، اس تحفے سے متعلق جب نجی ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں ارشد ندیم کی اہلیہ سے سوال پوچھا گیا تو انہوں نے بتایا کہ والد کے بھینس تحفے میں دینے سے متعلق مجھے بھی ان کا انٹرویو سن کر پتا چلا، اس دوران ارشد نے مزاحیہ انداز میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جب مجھے سسر کے بھینس دینے کے اعلان کا پتا چلا تو میں نے اہلیہ سے کہا کہ انہوں نے بھینس تحفے میں دی وہ تو اتنے امیر ہیں، 5 سے 6 ایکڑ زمین دے دیتے لیکن مجھے پتا ہے میری اہلیہ نے یہ بات اپنے ابو سے ابھی تک نہیں کہی ہوگی۔



## مینجر سلمان اقبال بٹ



مینجر سلمان اقبال بٹ کا جو اس وقت ایونٹ میں بنفس نفیس موجود تھے کا کہنا تھا کہ پہلی تھرو جب ٹھیک نہ رہی تو میں نے اپنی پریشانی ظاہر نہ کی، ارشد ندیم کو اشارے سے حوصلہ دیا جب کہ دوسری تھرو کہاں گری مجھے نظر نہیں آئی کیونکہ میرے سامنے کیمرہ تھا، میں سمجھا 80 میٹر تک گئی مگر جب ارشد نے ہاتھ اٹھائے تو دیکھا یہ 90 سیا وپر ہے اور 92.97 ہے تو میں نے کہا یہ کمال ہو گیا، اب مستقبل میں دوسروں کے لیے مشکل ہو گی۔

# نیرج چوپڑا کے والدین کا ارشد ندیم کے لئے نیک خواہشات کا اظہار

### ہر کھلاڑی کی کامیابی کا ایک دن ہوتا ہے، یہ دن ارشد ندیم کے لیے اچھا تھا، والد ستیش کمار

### ارشد بھی میرے بیٹے جیسا ہے، نیرج کے سونے کا تمغہ جیتنے پر خوش ہوں، والدہ

(رپورٹ: ڈبلیو اے سید) بھارتی جیولین تھرور نیرج چوپڑا کی والدہ سروج دیوی نے ارشد ندیم کے پیرس اولمپکس میں طلائی تمغہ جیتنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ارشد ندیم بھی میرے بیٹے جیسا ہے۔ طلائی تمغے تک پہنچنے کے لیے سب محنت کرتے ہیں۔ سروج دیوی نے بھارتی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ ہم اپنے ملک کے لئے نیرج چوپڑا کا چاندی کا تمغہ جیتنے پر بھی خوش ہیں، ہمارے لیے چاندی کا تمغہ بھی سونے جیسا ہی ہے۔ سروج دیوی نے نیرج چوپڑا کی پہلی تھرو ضائع ہونے پر کہا کہ کوئی بات نہیں یہ سب تو کھیل کا حصہ ہے، ہم نیرج کی کارکردگی سے بہت خوش ہیں اور اس مرتبہ بھی نیرج کے گھر واپس آنے پر ان کا پسندیدہ کھانا بناؤں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ میدان میں سب کھیلنے کے لیے اترتے ہیں، کسی ایک کو جیتنا ہی ہوتا ہے، بات ہریانہ اور پاکستان کی نہیں، یہ خوشی کی بات ہے۔ اس موقع پر نیرج چوپڑا کے والد ستیش کمار نے کہا کہ ہر کھلاڑی کی کامیابی کا ایک دن ہوتا ہے، یہ دن ارشد ندیم کے لیے اچھا تھا اس لیے وہ طلائی تمغہ جیتنے میں کامیاب رہے۔ پیرس اولمپکس گیمز 2024 کے مینز جیولین تھرو مقابلے میں 12 ممالک مدِ مقابل تھے اور ان 12 ممالک میں سے ایک پاکستان جیتا ہے، ان کا دن اچھا تھا اسی لیے وہ جیت گئے۔ ستیش کمار نے مزید کہا کہ اولمپکس میں ہم لگاتار دوسری مرتبہ تمغہ جیتنے میں کامیاب رہے یہ ہمارے لیے بہت خوشی کی بات ہے۔ یاد رہے کہ بھارتی جیولین تھرور نیرج چوپڑا نے ٹوکیو اولمپکس میں سونے کا تمغہ جیتا تھا اور اس مرتبہ وہ چاندی کا تمغہ اپنے نام کرنے میں کامیاب رہے۔ واضح رہے کہ پاکستان نے پیرس اولمپکس میں 40 سال بعد کوئی سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ پاکستان نے آخری مرتبہ 8 اگست 1992 کو اولمپکس تمغہ پوڈیم پر قدم رکھا تھا جب قومی ہاکی ٹیم نے بارسلونا اولمپکس میں نیدرلینڈز کو 3 کے مقابلے میں 4 گول سے شکست دے کر کانسی کا تمغہ جیتا تھا جبکہ پاکستان نے آخری مرتبہ 1984 میں اولمپکس میں طلائی تمغہ جیتا تھا جو کہ ہاکی ٹیم نے ہی دلوایا تھا۔ ارشد ندیم پاکستان کو انفرادی مقابلوں میں طلائی تمغہ دلوانے والے پہلے ایتھلیٹ ہیں۔ پاکستانی ایتھلیٹ ارشد ندیم نے پیرس اولمپکس 2024 میں جیولین تھرو فائنل میں 92.97 میٹر کی تھرو کر کے تاریخی فتح حاصل کر کے پاکستان کو 40 سال بعد سونے کا تمغہ دلوا کر تاریخ رقم کر دی۔ اولمپکس جیولین ایونٹ کے دفاعی چیمپئن بھارت کے نیرج چوپڑا نے 89.45 میٹر تھرو کر کے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ نیرچ چوپڑا نے اپنی 6 میں سے 5 تھرو پر فاؤل کیا۔ جیولین تھرو میں کینیا کے اینڈرسن پیٹرز 88.54 میٹر تھرو کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہے اور انہوں نے کانسی کا تمغہ اپنے نام کیا۔



## ارشد ندیم کے تاریخی سونے کا تمغہ جیتنے پر پنجاب اسپورٹس بورڈ میں جشن کا سماں

اسپورٹس بورڈ پنجاب نے پیرس اولمپک میں ارشد ندیم کے تاریخی سونے کا تمغہ جیتنے کی خوشی میں نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا، ڈائریکٹر جنرل اسپورٹس پنجاب پرویز اقبال نے جیت کی خوشی میں مٹھائی تقسیم کی، ڈی جی اسپورٹس پنجاب،



ڈائریکٹر ایڈمن محمد کلیم، ڈائریکٹر اسپورٹس یاسمین اختر، ڈپٹی ڈائریکٹر ظہور احمد، عطاء الرحمن و دیگر کو مٹھائی کھلائی اور اسپورٹس بورڈ پنجاب کے ملازمین میں بھی مٹھائی تقسیم کی گئی، ان کا کہنا تھا کہ ہمیں خوشی ہے کہ ہم نے ارشد ندیم کی ٹریننگ میں ہر ممکن مدد کی۔ صوبائی وزیر کھیل پنجاب فیصل ایوب کھوکھر علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پیرس اولمپک میں جیولن تھرو کے گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کا پرتپاک استقبال بھی کیا گیا۔

ترجمان سندھ حکومت و میئر سکھر نے ارشد ندیم کے لیے سونے کے تاج کا اعلان کیا، زیر تعمیر نیو اسپورٹس اسٹیڈیم کا نام ارشد ندیم اسٹیڈیم رکھنے کا وعدہ بھی کیا۔

## بھارتی جیولن تھرور نیرج چوپڑا ارشد ندیم کی نگاہ میں




اپنے مدمقابل اور چاندی کا تمغہ جیتنے والے بھارتی جیولن تھرور نیرج چوپڑا سے متعلق ارشد کا کہنا تھا کہ میدان میں اپنے اپنے ملک کیلئے پرفارم کرتے ہیں، نیرج سے بہت اچھی دوستی ہے، کوشش ہے کہ نیرج چوپڑا سے دوستی طویل عرصے تک چلتی رہے، ارشد ندیم کا مزید کہنا تھا کہ میں نے کافی ایونٹس کھیلے، کامیابیاں حاصل کیں، واپڈا نے مجھ سمیت دیگر قومی ہیروز کو بھی ملازمت فراہم کی، آگے بھی پاکستان کیلئے تمغے جیتنے کو کوشش کروں گا۔

# ارشد ندیم کی کامیابی پر خاندان، حکومتی، سیاسی سماجی، کاروباری اور مداحوں کے تاثرات

پیرس اولمپکس میں جیولین تھرو کے مقابلوں میں پاکستانی کھلاڑی ارشد ندیم کی کامیابی پر ملتان سمیت پورے جنوبی پنجاب میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ رات گئے میچ کا نتیجہ سامنے آنے کے بعد مختلف مقامات پر آتش بازی کی گئی اور لوگ نعرے لگاتے ہوئے گھروں سے نکل آئے۔ ملتان اور دیگر شہروں میں مختلف مقامات پر بڑی سکرینوں پر یہ میچ دکھایا گیا اور لوگوں کی بڑی تعداد مقابلہ دیکھنے کے لیے موجود رہی۔ زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے اس کامیابی کو جشن آزادی کا تحفہ قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ ارشد ندیم نے اپنی مدد آپ کے تحت کسی سرکاری سرپرستی کے بغیر یہ کامیابی حاصل کر کے ہمیں ایک ایسی خوشی دی جو ہم برسوں یاد رکھیں گے۔



## وزیرِ اعظم شہباز شریف

ارشد ندیم کی شاندار کامیابی اور جیولن تھرو میں نیا اولمپکس ریکارڈ قائم کرنے پر پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگا کر اپنے احساسات کا مظاہرہ کیا۔ اللہ کے فضل وکرم سے جو فصل بطور خادم اعلیٰ پنجاب یوتھ فیسٹیول کے ذریعے بوئی، اسکے شاندار ثمرات دنیا میں پاکستان کا نام بلند کر رہے ہیں، میرے لئے یہ فخر کی بات ہے کہ ارشد ندیم جیسے باصلاحیت نوجوان کو دریافت کرنے کیلئے اللہ رب العزت نے مجھ ناچیز کو وسیلہ بنایا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ارشد ندیم نے پاکستانی قوم کو بہت ہی خوبصورت تحفہ دیا ہے۔



## صدر آصف علی زرداری

فائنل میں شاندار اولمپکس ریکارڈ قائم کرنا اور طویل ترین فاصلے پر جیولین تھرو کرنا بڑا کارنامہ ہے۔ ارشد ندیم کی فتح قوم کی فتح ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ارشد ندیم کو مستقبل میں مزید کامیابیوں سے نوازے۔



## چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی

پیرس اولمپکس میں جیولن تھرو کے مقابلے میں طلائی تمغہ جیتنے پر ارشد ندیم کو مبارکباد دیتا ہوں۔ جیولن تھرو میں ارشد ندیم نے عالمی ریکارڈ قائم کیا جس پر ہمیں فخر ہے۔



## اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق

پورے ایوان کی طرف سے ارشد ندیم کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور دعا گو ہوں کہ وہ آئندہ بھی ملک کا نام روشن کرتے رہیں۔ ارشد ندیم نوجوانوں کے لئے ایک مثال ہیں۔



## وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف

پیرس اولمپکس میں ارشد ندیم کی شاندار کامیابی پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ ارشد ندیم نے ملک کا سر فخر سے بلند کر دیا، 3 دہائیوں بعد پاکستان کیلئے سونے کا تمغے کا حصول ایک بہت بڑا اعزاز ہے۔ ہمارے کھلاڑیوں کو حکومت کی طرف سے سہولیات نہیں ملتیں، اسپورٹس ایسوسی ایشنوں میں بہت زیادہ سیاست ہے، ان ایسوسی ایشنوں میں جو ایک مرتبہ بیٹھتا ہے وہ بیٹھا ہی رہتا ہے، یہی حال اولمپک ایسوسی ایشن کا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حکومت اور اس ایوان کا بھی فرض ہے کہ اسپورٹس ایسوسی ایشنوں میں سیاست کا خاتمہ کیا جائے۔



## ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر

ارشد ندیم پر پوری قوم کو فخر ہے۔ ارشد ندیم کی جیت پوری قوم کی جیت ہے۔ فائنل میں شاندار اولمپکس ریکارڈ قائم کرنا، طویل ترین جیولین تھرو کرنا بڑا کارنامہ ہے۔ پیرس اولمپکس میں پاکستان کیلئے تمغہ جیت کر آپ نے ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا۔



## بانی تحریک انصاف عمران خان

ارشد ندیم نوجوان نسل کے لیے انسپائریشن ہے، اسکی استقامت نے اسکا اور قوم کا سر فخر سے بلند کیا یہ پہلا موقع ہے جب کسی پاکستانی نے اولمپکس میں اتھلیٹکس میں انفرادی طور پر طلائی تمغہ جیتا۔ وہ ہماری نوجوان نسل کے لیے ایک تحریک ہے۔

## بلاول بھٹو زرداری



ارشد ندیم نے اولمپکس کے انفرادی مقابلوں میں پاکستان کیلئے تاریخ میں پہلا طلائی تمغہ حاصل کر کے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ اولمپکس میں جیولن تھرو کے مقابلوں میں ارشد ندیم کا 92.97 کی تھرو کا ریکارڈ قابل تعریف ہے۔ پاکستان کے بیٹے نے اولمپکس کی دنیا میں تاریخ رقم کر دی، قوم اپنے ہیرو کے ساتھ کھڑی ہے۔ وہ نوجوانوں کے لئے مشعل راہ ہیں، محنت، لگن اور مستقل مزاجی سے منزل کا حصول ممکن ہے۔

## گورنر بلوچستان
## جعفر خان مندوخیل



شاندار کھیل پیش کر کے پاکستان کا نام سر بلند کرنے پر ارشد ندیم کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ قومی ایتھلیٹ ارشد ندیم نے 92.97 میٹر تھرو کر کے نیا ریکارڈ بنا کر حقیقت میں ایک عظیم ہیرو کا کردار ادا کیا۔ 118 سالہ ریکارڈ توڑا ہے۔ فائنل میں پوری قوم کی نظریں ارشد ندیم پر تھیں جو پاکستان کو 32 سال بعد اولمپکس میں کوئی تمغہ دلانے کی واحد امید تھے۔ جو ارشد ندیم نے پورا کر کے قوم کی خواہش کو پورا کیا سب۔ زہلالی پرچم کو بلند کر کے تاریخ ساز اور نا قابل فراموش کارنامہ سرانجام دیا۔ ارشد ندیم کی جیت پاکستان کی فتح ہے جسے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

## پرائم منسٹر زیوتھ پروگرام کے چیئرمین
## رانا مشہود احمد خان



ارشد ندیم آپ پوری قوم کا فخر ہیں۔ فائنل میں شاندار اولمپکس ریکارڈ قائم کرنا، طویل ترین جیولین تھرو کرنا بڑا کارنامہ ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی ارشد ندیم کو مستقبل میں مزید کامیابیوں سے نوازے۔ پنجاب یوتھ فیسٹیول سے نکلنے والے ٹیلنٹ نے اولمپکس میں پاکستان کا نام روشن کر کے قوم کو بہترین تحفہ دیا۔

## اہل محلہ

ارشد ندیم نے میاں چنوں کا نام دنیا میں روشن کر دیا۔



## گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر

ارشد ندیم کی جیت پوری قوم کی جیت ہے، پنجاب کے شہر میاں چنوں کے ارشد ندیم نے نہ صرف پنجاب بلکہ پورے پاکستان کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔



## وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ

ارشد ندیم نے اپنی محنت، لگن اور صلاحیت سے ثابت کر دیا کہ پاکستانی کھلاڑی کسی سے کم نہیں۔ نوجوان ایتھلیٹ نے تاریخ رقم کر دی، ان کی کامیابی ہر پاکستانی نوجوان کے لئے مشعل راہ ہے جس سے نوجوانوں کو کھیل کی دنیا میں آگے بڑھنے کی ترغیب ملے گی۔ آپ کو میری طرف سے لاکھوں مبارکباد۔



## اقوام متحدہ میں سفیر منیر اکرم

پیرس اولمپکس میں سونے کا تمغہ اس بات کی غماز ہے کہ قومی ایتھلیٹ کی کارکردگی شاندار رہی جس نے دنیا میں سبز ہلالی پرچم کو بلند کر دیا۔



# ارشد ندیم کا گورنر ہاؤس سندھ میں آئی ٹی، امید کی گھنٹی اور راشن ڈرائیو کا دورہ

اولمپکس گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم نے گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری کے ہمراہ "امید کی گھنٹی" کا دورہ کیا، قومی ہیرو ارشد ندیم نے امید کی گھنٹی بجا کر خوشگوار حیرت کا اظہار کیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق گورنر سندھ نے ارشد ندیم کو "امید کی گھنٹی" کے اغراض و مقاصد سے آگاہ کیا۔ قومی ہیرو نے راشن بیگز کا معائنہ کیا اور گورنر سندھ کے اس اقدام کی تعریف کی۔ ارشد ندیم آئی ٹی کلاسز بھی گئے جہاں انہیں طلبا کو دی گئی سہولیات کے حوالے سے تفصیل سے آگاہ کیا گیا۔ ارشد ندیم نے طلبا کو فراہم کردہ شاندار سہولیات کی تعریف کی۔ قومی ہیرو نے کہا کہ گورنر انیشیٹو کے تحت جاری کام انتہائی شاندار ہیں۔





## ڈپٹی مئیر کراچی سلمان عبداللہ مراد

ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد نے ایتھلیٹ ارشد ندیم کو اولمپکس میں جیولن تھرو کے مقابلوں میں ریکارڈ بنانے پر شاباش دی ہے، انہوں نے کہا کہ ارشد ندیم نے دنیا میں پاکستان کا نام روشن کیا، اولمپکس میں جیولن تھرو کے مقابلوں میں ارشد ندیم کا 92.97 کی تھرو کا ریکارڈ بنانا قابل تعریف ہے، شائقین جیولن تھرو کو شاندار کھیل دیکھنے کو ملا، پیرس اولمپکس میں جیولن تھرو کے مقابلوں میں ارشد ندیم نے اولمپک کی تاریخ کی سب سے بڑی 92.97 میٹر کی تھرو کرتے ہوئے ملک کو 40 سال بعد اولمپک میں سونے کا تمغہ جتوایا، ارشد ندیم نے اولمپکس میں سونے کا تمغہ جیتا جو پاکستان کا اولمپکس میں 40 سال کے طویل عرصے کے بعد پہلا سونے کا تمغہ بھی ہے، اس موقع پر میں بحیثیت ڈپٹی میئر کراچی انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

# ارشد ندیم کے کارنامے سے پوری دنیا دنگ رہ گئی، وسیم اکرم

## مواقع میسر نہ ہونے کی وجہ سے ٹیلنٹ ضائع ہو رہا ہے، سابق قومی کرکٹ کپتان



سابق کپتان پاکستان کرکٹ ٹیم وسیم اکرم نے کہا ہے کہ اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم نے جو کارنامہ انجام دیا اس سے دنیا دنگ رہ گئی، میلبرن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق کپتان وسیم اکرم نے کہا کہ ہمارے ملک میں ٹیلنٹ ہے، بس ٹیلنٹ کو مواقع نہیں ملتے لیکن ارشد ندیم نے اپنی محنت اور اپنے مواقع سے جو کیا اس سے پوری دنیا دنگ رہ گئی ہے، ہم پاکستانی ہونے کی حیثیت سے تو فخر کر ہی رہے ہیں لیکن دنیا اس کے کارنامے پر فخر کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ارشد ندیم نے جو کارنامہ انجام دیا اس سے قوم کو ایک امید ملی ہے کہ ہمارے ہاں جو ٹیلنٹ ہے اسے مواقع اور سہولیات دی جائیں تو وہ مزید کارنامے انجام دے سکتا ہے، پاکستان میں مسئلہ یہ ہے کہ سہولیات نہیں ہیں، ٹیلنٹ کو نکھارا نہیں جاتا اس کیلئے تمام اسپورٹس باڈیز کو مل کر سوچنا ہوگا کہ کیسے فنڈز لانے ہیں، ہمیں چاہیے کہ اکٹھے بیٹھیں، پلان کریں اور مخصوص اسٹیڈیمز بنائیں، اگر نوجوانوں کو مواقع نہیں دیں گے تو وہ فون پر ہی لگے رہیں گے۔ وسیم اکرم نے نیرج چوپڑا کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ نیرج چوپڑا کو بھی مبارکباد دوں گا، وہ کیا اسپورٹس مین ہے، ارشد ندیم اور نیرج چوپڑا کی ماں نے بہت اچھا پیغام دیا ہے، اسپورٹس سیاست سے الگ ہے، لوگوں کا آپس میں رابطہ اہم ہے، دونوں کے والدین نے دنیا میں مثبت تاثر بھیجا اور ارشد ندیم نے بھی کمال کیا انہیں بھی مبارکباد دیتا ہوں۔ اولمپکس میں کرکٹ کی شمولیت پر وسیم اکرم کا کہنا تھا کہ اولمپکس میں کرکٹ کو شامل کر لیا گیا ہے، امید ہے کہ آئندہ اولمپکس میں کرکٹ ہوگی اور یہ ٹی 20 فارمیٹ میں ہی ہوگی اور ہونی بھی ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں چاہیے وسیم اکرم نے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی کا پاکستان میں ہونا بڑی بات ہے، اس کے لیے چیئرمین محسن نقوی اسٹیڈیم اپ گریڈ کر رہے ہیں، میرا ماننا صرف یہ ہے کہ مداحوں کو پیار سے اسٹیڈیم پہنچائیں اور سہولتیں دیں، سکیورٹی بہت ضروری ہے لیکن شائقین کو تکلیف نہیں ہونی چاہیے تاکہ وہ اسٹیڈیم آئیں اور لطف اندوز ہوں۔




## پیرس اولمپکس کی اختتامی تقریب، پاکستانی ہیرو ارشد ندیم کا ذکر گونجتا رہا

پیرس (اسپورٹس ڈیسک) پیرس اولمپکس کی اختتامی تقریب میں بھی پاکستانی ہیرو اور گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کا خصوصی ذکر کیا گیا، اسٹیڈ ڈی فرانس میں ہونے والی رنگا رنگ تقریب میں مختلف ممالک کے ایتھلیٹس اپنے ملک کا پرچم تھامے شریک ہوئے، مارچ پاسٹ کیا اور اختتامی تقریب میں دستوں کا مارچ پاسٹ کیا گیا جب کہ پاکستان کی نمائندگی ایتھلیٹ فائقہ ریاض نے کی، تقریب میں کمنٹیٹرز نے پاکستانی ہیرو اور گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کا خصوصی ذکر کیا۔

# انعامات و ستائش

انعامی رقم ملنے کے بعد امی ابو سمیت اہلیہ کو عمرے پر لے جانے کا پروگرام ہے۔
ایوان صدر میں شاندار تقریب میں ارشد ندیم کو ہلال امتیاز سے نواز دیا گیا، صدر مملکت آصف علی زرداری نے تمغہ پہنایا۔ انہیں سول ایوارڈ آئین کے آرٹیکل 259(2) گراں قدر خدمات کے اعتراف میں تجویز کیا گیا۔
مریم نواز نے حکومت پنجاب کی طرف سے 10 کروڑ روپے کا چیک بھی دیا۔ اس کے علاوہ پنجاب حکومت نے ارشد ندیم کو خصوصی نمبر پلیٹ والی گاڑی کا بھی تحفہ دیا، گاڑی کی نمبر پلیٹ اولمپکس میں ان کی ریکارڈ تھرو 92.97 کی نسبت سے رجسٹرڈ کی گئی۔




# ارشد ندیم کی کامیابی یوم آزادی پر قوم کیلئے تحفہ ہے

## وزیراعظم کا عشائیہ سے خطاب، ملک میں کھیلوں کے فروغ کیلئے کمیٹی قائم کرنے کا اعلان

(رپورٹ: سید وزیر علی قادری): وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ارشد ندیم کی کامیابی کو یوم آزادی پر قوم کیلئے تحفہ قرار دیتے ہوئے ملک میں کھیلوں کے فروغ کیلئے کمیٹی قائم کرنے کا اعلان کیا اور کہا کہ حکومت کھیلوں کے فروغ کیلئے صوبائی حکومتوں سے ملکر کام کرے گی، شبانہ روز محنت اور اتحاد و اتفاق سے ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹیں گے اور ملکر ملک کو عظیم طاقت بنائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیرس اولمپکس میں پاکستان کیلئے طلائی تمغہ جیتنے والے جیولین تھرو ایتھلیٹ ارشد ندیم کے اعزاز میں وزیراعظم ہاؤس میں عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیرِ اعظم ہاؤس پہنچنے پر وزیرِ اعظم نے ارشد ندیم، انکی والدہ اور انکے اہلِ خانہ کا استقبال کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ارشد ندیم نے پاکستان کو یوم آزادی سے پہلے ایک شاندار تحفہ دیا جس نے جشن آزادی کی خوشیوں کو دوبالا کر دیا، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ ارشد ندیم 25 کروڑ پاکستانی عوام کے ہیرو اور دلوں کی دھڑکن ہیں، ارشد ندیم نے 40 سال بعد پاکستان کیلئے اللہ تعالیٰ کی رحمت، شبانہ روز محنت اور والدین اور قوم کی دعاؤں سے طلائی تمغہ جیتا، اس پر پاکستانی قوم آپ کی شکرگزار ہے۔ یوم آزادی کے موقع پر انہوں نے ہماری خوشیوں کو دوبالا کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے جیولین تھرو میں ریکارڈ قائم کیا ہے، قوم کا مورال بلند ہے، اس سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہوگئی ہے کہ مشکلات سے گھبرانا نہیں چاہئے بلکہ ان کا ہمت اور استقامت کے ساتھ مقابلہ کرنا چاہئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ارشد ندیم کی کامیابی ہم سب کیلئے روشن مثال ہے، ہم یوم آزادی منا رہے ہیں، اس مثال سے ہمیں حوصلہ ملا ہے اس راستے پر چل کر ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹیں گے، شبانہ روز محنت اتحاد و اتفاق سے ان چیلنجز سے نمٹیں گے اور ملکر ملک کو عظیم طاقت بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ارشد ندیم کی والدہ کی دعاؤں سے ارشد ندیم کو کامیابی اور پوری قوم کو عزت ملی جس پر ان کی والدہ کے شکرگزار ہیں، آپ عظیم ماں کے عظیم بیٹے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کامیابی کا یہ پودا سایہ دار درخت بنے گا، مستقبل میں آپ کامیابی کے مزید ریکارڈ بنائیں گے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتیں کھیلوں کے فروغ کیلئے ملکر کام کریں، ہاکی، کرکٹ، سکوائش کو دوبارہ بحال کریں گے۔ سینئر کھلاڑی کھیلوں کے فروغ کیلئے اپنی تجاویز دیں تا کہ پاکستان کی عظمت رفتہ کو واپس لایا جا سکے۔ وفاقی حکومت کھیلوں کے فروغ کیلئے صوبائی حکومتوں سے ملکر کام کرے گی، وزیراعظم نے ملک میں کھیلوں کے فروغ کیلئے کمیٹی قائم کرنے کا اعلان کیا تا کہ پاکستان کو کھویا ہوا مقام واپس دلایا جا سکے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے ارشد ندیم کیلئے 10 کروڑ روپے جبکہ وزیراعلیٰ سندھ نے 5 کروڑ روپے انعام کا اعلان کیا۔ ارشد ندیم کی بھرپور پذیرائی پر سندھ اور پنجاب حکومت کا شکرگزار ہوں۔ وزیراعظم نے کہا کہ رانا مشہود کا شکرگزار ہوں انہوں نے پنجاب میں نوجوانوں کیلئے بہت کام کیا۔ نوجوان قوم کا سرمایہ ہیں، ملکی ترقی میں ان نوجوانوں کا بڑا کردار ہے۔ وزیرِ اعظم نے ارشد ندیم کی پیرس اولمپکس میں شاندار کارکردگی، طلائی تمغہ جیتنے اور اولمپک ریکارڈ بنانے پر انکے لئے 15 کروڑ روپے کے انعام کا بھی اعلان کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ 15 کروڑ روپے اس انعام پر ٹیکس کٹوتی نہیں ہوگی۔ وزیرِ اعظم نے اسلام آباد میں الیف 9 اور الیف 10 سیکٹر کے درمیان سڑک کو ارشد ندیم کے نام سے منسوب کرنے کا بھی اعلان کیا۔ وزیراعظم نے جناح اسٹیڈیم اسلام آباد میں نوجوانوں کو کھیلوں کی تربیت کیلئے ارشد ندیم ہائی پرفارمنس اکیڈمی کے قیام کا بھی اعلان کیا جہاں 2028 اولمپکس کیلئے ایتھلیٹس و کھلاڑیوں کو تربیت دے کر بھرپور مقابلے کیلئے تیار کیا جائے گا۔ وزیرِ اعظم نے کھلاڑیوں کی بہبود، ریٹائرڈ کھلاڑیوں کی ضروریات پوری کرنے اور انہیں تربیت کے بہترین مواقع فراہم کرنے کیلئے 1 ارب روپے کے اسپورٹس انڈومنٹ فنڈ کا بھی اعلان کیا، وزیرِ اعظم نے ارشد ندیم کی اعلیٰ کارکردگی اور پاکستان کیلئے اولمپکس میں 40 برس بعد طلائی تمغہ جیتنے پر ہلال امتیاز سے نوازنے کا بھی اعلان کیا۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ ارشد ندیم کی کامیابی میں ان کے کوچ سلمان اقبال بٹ کا اہم کردار ہے ان کیلئے بھی ایک کروڑ روپے کے انعام کا اعلان کرتا ہوں۔ پیرس اولمپکس میں گولڈ میڈل حاصل کرنے والے ارشد ندیم نے کہا کہ اس کامیابی پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف، پوری پاکستانی قوم، اپنے والدین اور میڈیا کا شکر گزار ہوں جن کی دعاؤں کی بدولت پیرس اولمپکس میں ریکارڈ قائم کر کے سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے عزت افزائی سے حوصلہ بڑھا جس پر ان کا شکرگزار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اولمپکس میں کامیابی کیلئے بہت محنت کی۔ اولمپکس میں شرکت سے قبل انجری کا شکار رہا۔ ٹریننگ، اعتماد اور محنت کا پھل



کامیابی کی صورت میں ملا۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ بھی ملک کا نام روشن کرنے کیلئے بھرپور محنت کروں گا، اللہ تعالی کا کرم ہوا کہ نیزہ 92.97 میٹر پر گرا اور ہمیں سونے کا تمغہ ملا، 14 اگست اس کامیابی کے ساتھ منائیں گے۔ وطن واپسی پر بہت زیادہ پیار اور محبت ملا، فٹنس اور تندرستی پر توجہ دے کر مزید ورلڈ ریکارڈ قائم کروں گا، میں نے کرکٹ بھی کھیلی، اس کے بعد اتھلیٹکس میں آیا اور جولین تھرو پر توجہ مرکوز کی۔ پنجاب یوتھ فیسٹیول کا لگایا ہوا پودا ہوں اور دنیا بھر میں ملک کا نام روشن کروں گا، واپڈا کا بھی شکرگزار ہوں انہوں نے ملازمت دے کر حوصلہ افزائی کی۔ 2015 سے اب تک کئی مرتبہ ملکی ریکارڈ بھی توڑا اب تک 5 طلائی تمغہ، ایک چاندی، 4 کانسی کے تمغے جیتے ہیں۔ ارشد ندیم کی والدہ رضیہ پروین نے کہا کہ ارشد ندیم کی کامیابی کیلئے بہت دعائیں کیں، اس نے بہت محنت کی جس کا اللہ تعالی نے پھل دیا، اللہ تعالی اور پورے پاکستان کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میرے بیٹے کو عزت وتکریم دی اور اس کی کامیابی کیلئے دعائیں کیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنے بیٹے کی کامیابی اور پاکستان کا جھنڈا بلند کرنے پر بڑی خوشی ہے، میرا بیٹا میرا اور پوری قوم کا ہیرو ہے، اس کیلئے دعا گو تھی کہ وہ گولڈ میڈل جیت کر پاکستان کا نام روشن کرے۔ ارشد ندیم کے بھائی شاہد ندیم نے کہا کہ ہم سب کی دعائیوں اور اپنی محنت سے ارشد ندیم نے بہترین کامیابی حاصل کی، اپنے بھائی کی کامیابی پر خوشی سے پھولے نہیں سما رہا تھا، میرے بھائی نے پہلی تھرو پھینک کر فائنل میں کوالیفائی کیا تھا، فائنل میں 92.97 میٹر تھرو پھینکنے پر بہت خوشی ہوئی اور ہم نے نعرے بازی شروع کر دی، ہماری والدہ اور پوری قوم کی دعائیں اس کے ساتھ تھیں۔ ارشد ندیم کی اہلیہ عائشہ ندیم نے کہا کہ ارشد ندیم کی کامیابی کیلئے بہت زیادہ پرامید تھی، ان کی کامیابی کیلئے دعا گو تھی تا کہ وہ ملک کا نام روشن کر سکیں، ان کی کسی بھی ناکامی کی صورت میں انہیں کہتی تھی کہ مایوس نہ ہوں، اللہ تعالی کامیابی عطا فرمائے گا۔ ارشد ندیم کے کوچ سلمان اقبال بٹ نے کہا کہ پوری قوم نے ہمارے لئے بھرپور دعائیں کیں، اس کے نتیجہ میں ہم گولڈ میڈل حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے، وطن واپسی پر بھرپور استقبال پر قوم کے شکرگزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کھلاڑیوں کو انجری معمول کی بات ہے، ارشد ندیم کچھ ماہ قبل انجری کا شکار ہوئے لیکن پھر ٹھیک ہو گئے، انہوں نے بھرپور محنت سے ٹریننگ کی اور پیرس اولمپکس میں حصہ لیا، کوالیفائنگ راؤنڈ میں ارشد ندیم کا چوتھا نمبر تھا، اس نے فائنل میں کامیابی کیلئے بھرپور محنت کی، ان کی کامیابی پر اللہ تعالی کا شکرگزار ہوں۔

# ارشد ندیم کا کراچی میں تاریخی استقبال

## ایک لاکھ سے زائد افراد نے قومی ترانہ پڑھ کر نیا ریکارڈ قائم کیا



اولمپئن ارشد ندیم کا کراچی پہنچنے پر گورنر سندھ کامران ٹیسوری کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا، گورنر ہاوس پر منعقدہ تقریب میں ہزاروں افراد نے شرکت کی جنہوں نے ارشد ندیم کا تالیاں بجا کر پرجوش انداز میں خیر مقدم اور تاریخی استقبال کیا، اس موقع پر تقریب میں ایک لاکھ سے زائد افراد نے قومی ترانہ پڑھ کر نیا ریکارڈ قائم کیا۔ ارشد ندیم کو بزنس مین علی شیخانی کی جانب سے 30 لاکھ اور دیگر افراد نے لاکھوں روپے کے ساتھ پلاٹ کے تحفے پیش کیے، ارشد ندیم کے اہل خانہ کو آئی فون 15 کا تحفہ بھی دیا گیا۔

# ارشد ندیم کا کراچی میں استقبال، گورنر ہاؤس میں 10 کروڑ کے تحائف

## باصلاحیت کھلاڑی وسائل کی کمی کی پرواہ نہ کریں، میرے پاس آجائیں، کامران خان ٹیسوری

## آئی ٹی کورسز کے لئے 100 لیپ ٹاپ دینے کا اعلان، عزت ملنے پر شہر قائد کا مشکور ہوں، اولمپئن ایتھلیٹ

(رپورٹ: سید وزیر علی قادری) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ قومی ہیرو ارشد ندیم کی حوصلہ افزائی کے لئے گورنر ہاؤس سے 10 کروڑ سے زائد کی مالیت کے تحائف دیئے، باصلاحیت کھلاڑی جن کے پاس وسائل نہیں، وہ گورنر ہاؤس آجائیں، ارشد ندیم نے گورنر انیشیٹیو کے تحت جاری آئی ٹی کورسز کے طلبا کے لئے 100 لیپ ٹاپ دینے کا علان کیا۔ گورنر ہاؤس سے جاری اعلامیہ کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس میں اولمپکس گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کے ہمراہ گورنر ہاؤس میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر سندھ نے مزید کہا کہ اولمپکس گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم نے پاکستان کے وقار اور قوم کو عزت دی اور سونے کے تمغے کے ساتھ قوم کو بھی ایک کر دیا۔ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ ارشد ندیم کی جیت نے نفرتوں کو دفن کر دیا، قومی ہیرو کی جیت کو معیشت سے جوڑا جائے تا کہ نفرتوں کا دور ختم ہو۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ شب آزادی کے جشن میں پاک فوج اور ارشد ندیم کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے، یہ دشمنوں کے لئے ایک پیغام ہے کہ اب قوم متحد ہے، پوری قوم ارشد ندیم کے ساتھ ہے، ایک طویل عرصہ بعد کھیل کے حوالے سے پاکستان کا نام عالمی سطح پر روشن ہوا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ قومی ہیرو کی ایک جھلک دیکھنے لوگ گورنر ہاؤس میں جمع ہوئے، صوبہ کے عوام نے قومی ہیرو کو اپنی والہانہ محبت، عزت سے نوازا، کراچی کے صنعت کار، تاجروں نے بھی قومی ہیرو کا بھرپور استقبال کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حیدرآباد، سکھر سمیت صوبہ سے پیغامات ملے ہیں اور انہوں نے خواہش ظاہر کی ہے کہ قومی ہیرو ارشد ندیم وہاں کا بھی دورہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ شب گورنر ہاؤس میں آزادی کا تاریخ ساز جشن منایا گیا۔ گورنر سندھ نے شاندار انتظامات پر وزیر اعلی، میئر کراچی اور ایڈیشنل آئی جی کا شکریہ ادا کیا، لاکھوں کے مجمع کی سیکیورٹی کرنے پر پولیس اور سیکیورٹی اداروں کا بھی شکرگزار ہوں۔ قومی ہیرو ارشد ندیم نے گورنر انیشیٹیو کے تحت جاری آئی ٹی کے طلبا کے لئے 100 لیپ ٹاپ دینے کا اعلان کیا۔ ارشد ندیم نے کہا کہ گورنر سندھ کا شکریہ ادا کرتا ہوں انہوں نے مجھے ناقابل فراموش عزت سے نوازا۔ انہوں نے کہا کہ گورنر انیشیٹیو کے تحت بہت ہی شاندار کام ہو رہے ہیں، آئی ٹی کورسز، راشن بیگز کی تقسیم اور امید کی گھنٹی نے بیحد متاثر کیا ہے۔ ارشد ندیم نے کہا کہ صوبہ کے عوام نے جس محبت کا اظہار کیا وہ میری جیت سے بھی بڑھ کر ہے، اس محبت کے اظہار کے بعد میرا جذبہ ہے کہ مزید عالمی ریکارڈ بناؤں۔






QELECTRONICS
Stay connected, stay productive with our efficient electronics
0345-3167585


Crete Trav
Journey Beyond Imagination
EXPLORE THE WORLD
FAMILY PACKAGES
UMRAH
VIP HAJJ
FLIGHTS
HONEYMOON
Head Office:
302,3rd Floor,44-C, lane 5,
Bukhari commercial, phase 6,
DHA. , Karachi, Pakistan
BOOK NOW
MORE INFORMATION
03322106310
03365128128


iSOURCE LOGISTICS
MAKING FREIGHT SIMPLER
Custom Tailored
SHIPPING
INFO@ISOURCE-LOGISTICS.COM
WWW.ISOURCE-LOGISTICS.COM


iSOURCE TEXTILE
Elevate Your Bedroom Style
Refresh Your Bedroom with Our Stylish Bedding Collection
info@isourcetextile.com









# ارشد ندیم
# پاکستان کی پہچان



## قوم نے جو پیار دیا وہ سونے کے تمغے سے بھی زیادہ ہے، اولمپین ایتھلیٹ

اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کا کہنا ہے کہ ٹوکیو اولمپکس کے بعد پاکستان چھوڑنے کی آفر ہوئی تھی جسے مسترد کر دیا تھا۔ نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے فخر پاکستان ارشد ندیم نے انکشاف کیا کہ انہیں کئی مرتبہ دوسرے ملکوں سے پیشکش کی گئی کہ ہمارے پاس آجاؤ آپ کو ٹریننگ بھی دیں گے اور ورلڈ چیمپئن بھی بنائیں گے مگر میں نے انکار کر دیا۔ ارشد ندیم نے کہا کہ انہیں پاکستان کی مٹی سے پیار ہے، پاکستان میں ہی ٹریننگ کریں گے اور پاکستان سے ہی ورلڈ چیمپئن بنیں گیا اور دنیا میں پاکستان کا نام روشن کریں گے۔ پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے ارشد ندیم کی والدہ نے کہا کہ وہ بھارتی جیولین تھرور نیرج چوپڑا کو پاکستان آنے کی دعوت دیں گی۔ پیرس اولمپکس میں سونے کا تمغہ خیال رہے کہ گزشتہ دنوں مینز جیولین تھرو ایونٹ کے فائنل میں ارشد ندیم نے پاکستان کو 40 سال بعد طلائی تمغہ جتوایا۔ انہوں نے 92.97 میٹر تھرو کر کے نیا اولمپک ریکارڈ قائم کیا جب کہ وہ پاکستان کی جانب سے اولمپکس کے انفرادی مقابلوں میں سونے کا تمغہ جیتنے والے پہلے ایتھلیٹ ہیں۔

## عالمی رینکنگ

پیرس میں طلائی تمغہ حاصل کرنے کے بعد انکی رینکنگ پہلی ہوگئی۔ اس سے پہلے انکی سب سے اچھی رینکنگ 5 ویں تھی جو انہوں نے 24 جنوری 2023 کو حاصل کی تھی۔ انکی سب سے اچھی کارکردگی 90.18 میٹر کی ہے جو انہوں نے 7 اگست 2022 کو برمنگھم میں ہوئے دولت مشترکہ کھیلوں میں قائم کیا تھا۔ اس تھرو کے ساتھ انہوں نے طلائی تمغہ اپنے نام کیا تھا۔ انکی یہ تھرو دولت مشترکہ کھیلوں کا ریکارڈ بھی ہے۔ یہ طلائی تمغہ ان کا کسی بڑے کھیلوں میں پہلا تھا۔ ارشد ندیم نے پاکستان کو 40 سال بعد سونے کا تمغہ جتوایا ہے۔ یہ انفرادی مقابلوں میں پاکستان کا پہلا طلائی تمغہ بھی ہے۔





ارشد ندیم 2 جنوری 1997 کو میاں چنوں، خانیوال میں پیدا ہوئے۔
6 فٹ 4 انچ قد اور 95 کلوگرام وزن والے ارشد ندیم اپنے 8 بہن بھائیوں میں تیسرے نمبر پر ہیں۔
ارشد ندیم کی اہلیہ عائشہ حافظ قرآن ہیں۔ 3 بچے ہیں جن میں 2 بیٹے اور ایک بیٹی ہے۔
26 سال کی عمر میں ذاتی گھر اور گاڑی خرید لی تھی۔ واپڈا میں گریڈ 18 کے ملازم بھی ہیں۔
پنجاب کی تحصیل میاں چنوں کے گاؤں میں موجود آبائی گھر ہے جو مٹی سے بنا ہوا چھوٹا سا گھر ہے جو 3 کمروں پر مشتمل ہے جس کا ایک کمرہ مہمانوں کیلئے مختص ہے۔
میاں چنوں کی مہنگی ترین سوسائٹی میں ذاتی گھر تعمیر کروایا ہے جس کی مالیت کروڑوں میں ہے جبکہ 60 سے 70 لاکھ مالیت کی گاڑی بھی ہے۔

پیرس اولمپکس، جیولین تھرو مقابلے میں طلائی تمغہ جیتنے والے اور پاکستان کا نام بلند رنے والے ہیرو اولمپئن ارشد ندیم کا کہنا تھا کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا شکر ہے، والدین اور قوم کا بھی شکریہ، کامیابی کے پیچھے ہماری بہت محنت ہے، ان شاء اللہ مزید آگے جاؤں گا۔
قوم نے جو عزت دی وہ تمغے سے بھی زیادہ ہے، توقعات سے بڑھ کر استقبال

## اولمپئن بننے کے بعد رد عمل

ہوا، قوم کا پیار دیکھ کر رات کو نیند نہیں آتی تھی، پیرس اولمپکس میں سونے کا تمغہ جیتنا ہی مقصد تھا، اللہ نے بڑی کامیابی دی۔
ان کا کہنا تھا کہ فروری 2024 میں سرجری ہوئی، 2 مرتبہ انجری کا بھی شکار ہوا، میرے کوچز نے بہت محنت کی اور مجھے حوصلہ نہیں ہارنے دیا، پاکستان کیلئے مزید تمغے جیتنے کی کوشش کروں گا۔
ارشد ندیم نے کہا کہ شہباز شریف نے جو پودا 2012 میں لگایا تھا یہ اس کا پھل ہے۔
اپنے منیجر سلمان بٹ کے متعلق بہترین الفاظ میں انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ سلمان بٹ کی بہت قدر و منزلت ہے۔ تمغہ جیتنے میں بڑی محنت ہوئی ہے۔





گورنر پنجاب سلیم حیدر خان نے قومی ہیرو ارشد ندیم کو پیرس اولمپکس میں سونے کا تمغہ جیتنے پر 20 لاکھ کا چیک اور گاڑی تحفے میں دی۔ گورنر ہاؤس لاہور میں ارشد ندیم کا استقبال کیا

## اولمپئن ارشد ندیم کا وطن واپسی پر استقبال

اور ان کے لیے سجائی گئی تقریب میں قومی ہیرو کی کارکردگی کو سراہا۔ قارئین کی دلچسپی کے لئے یہ بات بھی بتانا ضروری ہے کہ انہیں 2023 میں پاکستان کے صدر کی جانب سے پرائڈ آف پرفارمنس کا ایوارڈ ملا تھا۔ پیرس اولمپک کھیلوں کی افتتاحی تقریبات میں وہ پاکستان کے پرچم بردار تھے۔ انکی سب سے بڑی خواہش اولمپک کھیلوں میں تمغہ جیتنا تھا جو پوری ہوگئی۔ ارشد ندیم کی کامیابی کا اعلان ہوتے ہی سب سے پہلے ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ خانیوال ان کے اہلخانہ کیساتھ تاریخی کامیابی کا جشن منانے تحصیل میاں چنوں کے چک L 15 , 101 پہنچی۔ کمشنر ملتان مریم خان اور ڈپٹی کمشنر محمد علی بخاری اولمپکس جیولین تھرو میں سونے کا تمغہ حاصل کرنے پر ارشد ندیم کے گھر جا کر قومی ہیرو کی والدہ سے ملاقات کر کے انہیں مبارکباد دی اور پھول و مٹھائی پیش کی۔ کمشنر کہا کہ ارشد ندیم نے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ارشد ندیم نے قوم کو سونے کا تمغہ کا خوبصورت تحفہ دیا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر محمد اقبال نے بھی کامیابی کو سراہا۔


UMRAH
PACKAGE
Return Air Ticket, Visa, Hotel 3*
Transport Sharing Bus
Contact : Syed Mohtashim Qadri
APEX TRAVELS & TOURS
0334-2379258, 0325-2967045


مفت رکنیت برائے طلبہ و طالبات
فروغ معلومات عامہ کی
واحد بین الاقوامی تنظیم
1974
پاکستان کوئز سوسائٹی انٹرنیشنل
رکنیت سازی کا آغاز ہو چکا ھے، ہر شخص خواہ وہ
طالب علم ہو یا نہ ہو، رکنیت حاصل کر سکتا ھے۔
ممبر شپ فارم کے لیے رابطہ یا ای میل
کے ذریعے اپنے کوائف ہمیں بھیجیں۔
پاکستان کوئز سوسائٹی انٹرنیشنل کی جانب سے
آل پاکستان آن لائن کوئز مقابلے کا انعقاد
ممبر: انٹرنیشنل کوئزنگ ایسوسی ایشن، برطانیہ
نالج پارٹنر: ہونہار پاکستان کوئز
آل پاکستان انٹر اسکول کوئز مقابلہ، زیر اہتمام جنگ میڈیا گروپ
برانچ: حیدرآباد، کوٹری، سانگھڑ، بہاولپور، سیالکوٹ، لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد، چکوال، گوجرانوالہ
گجرات، ڈیرہ غازی خان، ڈیرہ اسماعیل خان، لکی مروت، سبی، ہالا، سعید آباد
انٹرنیشنل برانچ: برطانیہ، امریکا، کینیڈا، بنگلہ دیش، سعودی عرب، آذربائیجان
00447931790379
asimqadri178@gmail.com
jr.naqvi@hotmail.com


The Bliss
Our Services
Event Design & Styling,Venue
Selection,Catering & Menu
Planning,Entertainment & Activities,
Vendor Coordination, On-Site
Management
Custom Invitations & Guest
HEAD OFFICE
302,3rd Floor,44-C, lane 5, Bukhari commercial,
phase 6, DHA. , Karachi, Pakistan
CONTACT :
: 03322106310
: 03364933852




# پیرس اولمپکس کا اختتام

## امریکا سرفہرست، چین دوسری اور جاپان کی تیسری پوزیشن

### کھیلوں کے سب سے بڑے میلے کی شاندار اختتامی تقریب فرانس کے 81,330 سے زیادہ نشستوں کی گنجائش والے اسٹیڈ ڈی فرانس اسٹیڈیم میں منعقد کی گئی



پیرس/کراچی (سید وزیر علی قادری) فرانس کے دارالحکومت پیرس میں ہونے والے اولمپکس مقابلے امریکا کی برتری کے ساتھ اتوار کی رات اولمپک اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والی رنگارنگ تقریب کے ساتھ اختتام کو پہنچ گئے ،کھیلوں کے سب سے بڑے میلے پیرس اولمپکس کی شاندار اختتامی تقریب فرانس کے 81,330 سے زیادہ نشستوں کی گنجائش والے اسٹیڈ ڈی فرانس ا سٹیڈیم میں منعقد کی گئی۔ 17 دن جاری رہنے والے پیرس اولمپکس میں تمغوں کی ٹیبل پر امریکا نے 40 طلائی، 44 چاندی اور 42 کانسی کے تمغوں کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ اس کے مجموعی تمغوں کی تعداد 126 رہی۔چین 40 سونے، 27 چاندی اور 24 کانسی کے تمغوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا، اس کے مجموعی تمغوں کی تعداد 91 رہی۔ جاپان نے 20 سونے، 12 چاندی اور 13 کانسی کے تمغے جیتے ،اس طرح اس نے مجموعی طور پر 45 تمغوں کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔آسٹریلیا نے 18 طلائی، 19 چاندی اور 16 کانسی کے تمغوں کے ساتھ چوتھی، میزبان فرانس نے 16 طلائی، 26 چاندی اور 22 کانسی کے تمغوں کے ساتھ 5ویں، نیدرلینڈز نے 15 سونے، 7 نقری اور 12 کانسی کے تمغوں کے ساتھ چھٹی، برطانیہ نے 14 سونے، 22 چاندی اور 29 کانسی کے تمغوں کے ساتھ 7ویں، جنوبی کوریا نے 13 سونے، 9 چاندی اور 10 کانسی کے تمغوں کے ساتھ 8ویں، اٹلی نے 12 سونے، 13 چاندی اور 15 کانسی کے تمغوں کے ساتھ 9ویں جبکہ جرمنی نے 12 طلائی، 13 چاندی اور 8 کانسی کے تمغوں کے ساتھ 10ویں پوزیشن حاصل کی۔پاکستان ایک طلائی تمغے کے ساتھ میڈل ٹیبل پر 62ویں نمبر پر رہا۔اولمپک اسٹیڈیم میں سجائی گئی شاندار اختتامی تقریب میں سینکڑوں فنکاروں نے دلکش پرفارمنس کا مظاہرہ کیا، فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون اور ان کی اہلیہ بھی اختتامی تقریب میں شریک ہوئے۔اسٹیڈ ڈی فرانس میں ہونے والی رنگارنگ تقریب میں مختلف ممالک کے ایتھلیٹس اپنے ملک کا پرچم تھامے شریک ہوئے، مارچ پاسٹ کیا، اس کے بعد فنکاروں نے خوب رنگ






جمایا۔اولمپکس مقابلوں کے انعقاد کوممکن بنانے میں اہم کردار ادا کرنے والے 45ہزار رضا کاروں کو خراج تحسین پیش کیا گیا، اسٹیڈیم میں موجودتماشائیوں کے ساتھ ایتھلیٹس بھی اختتامی تقریب سے خوب محظوظ ہوئے۔ پیرس میں اولمپک گیمز 2024 کی اختتامی تقریب کے دوران ہالی ووڈ اسٹارٹام کروزاولمپک گیمز کا جھنڈا اٹھانے کے لیے اسٹیڈ ڈی فرانس اسٹیڈیم کی چھت سے نیچے اترے۔ 62 سالہ اداکار نے ایک اسٹنٹ کیا اور پھر جھنڈا امریکا لے جانے کے لیے فرش پر رسی پر اترے۔ بین الاقوامی اولمپک کمیٹی (آئی او سی) نے 15روسی کھلاڑیوں کی ٹیم کو 2024 کے سمر اولمپکس میں غیر جانبدار کے طور پر حصہ لینے کی اجازت دی۔ روسی ٹیم کی لائن اپ میں ٹینس کھلاڑی ڈینیل مدویدیف، پاول کوٹوف، رومن سیفیولن، یکاترینا الیگزینڈروا، میرا اینڈریوا، ڈیانا شنائیڈر، ییلینا ویسنینا شامل تھے۔ کینوسٹ زخار پیٹروف، الیکسی کورواشکوف، اولیسیا روماسنکو؛ تیراک یوگینی سوموف؛ سائیکل سوار تمارا ڈرونووا، الیونا ایوانچینکو ،گلیب سیرتسا؛ اور انزیلا بلادسیوا، جوٹرامپولین ایونٹ میں حصہ لیا۔ اسٹیج پر پیرس اولمپک آرگنائزنگ کمیٹی کے صدر ٹونی اسٹیکوئٹ اور انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی کے صدر تھامس بیخ 6 نمایاں ایتھلیٹس کے ساتھ اسٹیج پر آئے۔ اولمپک آرگنائزنگ کمیٹی کے صدر ٹونی سٹیکوئٹ نے خطاب میں ایتھلیٹس اور تھامس بیخ نے منتظمین کا شکریہ ادا کیا اور کھیلوں کے اختتام کا اعلان کیا ۔تھامس بیخ نے 2028 اولمپکس کے میزبان لاس اینجلس کی میئر کو اولمپک فلیگ دیا جس کے بعد منفرد انداز میں ہالی وڈ اداکار ٹام کروز کی اسٹیڈیم میں انٹری ہوئی اور وہ اولمپکس فلیگ کے ساتھ روانہ ہوگئے۔ آخر میں تھامس بیخ کے پیرس اولمپکس کے باقاعدہ اختتام کے اعلان کے ساتھ اولمپک فلیم کو بجھا دیا گیا اور دلکش آتش بازی کے ساتھ تقریب بھی ختم ہوئی۔




## برطانوی ایتھلیٹ ٹوم ڈیلے کا ریٹائرمنٹ کا اعلان

### کارکردگی اور فیصلے سے مطمئن ہوں، خاندان کے افراد کے سامنے مقابلہ کر کے اچھا لگا

لندن (اسپورٹس ڈیسک)5مرتبہ کے اولمپکس میڈلسٹ برطانوی ایتھلیٹ ٹوم ڈیلے نے ڈائیونگ سے اپنی ریٹائرمنٹ کی تصدیق کردی۔ 30 سالہ ایتھلیٹ نے نوح ولیمز کے ہمراہ پیرس اولمپکس 2024 کے ا سینکرونائزڈ 10 میٹر پلیٹ فارم میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا تھا۔ ڈیلے نے پہلی مرتبہ 14 سال کی عمر میں 2008 گیمز میں حصہ لیا، انہوں نے لندن گیمز 2012 اور ٹوکیو گیمز 2021 میں 10 میٹر پلیٹ فارم میں کانسی کے تمغے اپنے نام کئے، اسی طرح انہوں نے ریو اولمپکس 2016 میں بھی کانسی کے تمغے اپنے نام کئے۔ ٹوم ڈیلے نے ٹوکیو میں انفرادی حیثیت میں 10 میٹر پلیٹ فارم ایونٹ میں سونے کا تمغہ جیتنے کے بعد اپنی ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا تاہم پیرس اولمپکس میں اپنے 2 بچوں کے سامنے ایکشن میں نظر آنے کے لئے واپسی کا فیصلہ کیا۔ بیان میں انہوں نے کہا کہ اپنے کھیل کو الوداع کہنا ہمیشہ مشکل ہوتا ہے تاہم مجھے لگتا ہے کہ یہ صحیح وقت ہے۔ یہ سال مجھے بونس کی طرح محسوس ہوا اور مجھے اپنے خاندان، اپنے بچوں کے سامنے مقابلہ کرنے کا موقع ملا، اپنی کارکردگی سے مطمئن ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنی فیملی کے ساتھ وقت گزارنا چاہتا ہوں، کچھ دن آرام کرنے کا موقع ملے گا۔

## عرب ممالک کے حصے میں 17 تمغے آئے

### بحرین 4 تمغوں کے ساتھ سرفہرست، الجزائر دوسرے، مصر اور تیونس کی تیسری پوزیشن

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) عرب ممالک سے تعلق رکھنے والے ایتھلیٹس نے پیرس اولمپکس 2024 میں مجموعی طور پر 17 تمغے اپنے نام کئے ہیں۔ یہ تمغے 7 عرب ممالک کے ایتھلیٹس نے حاصل کئے جن میں بحرین، الجزائر، مصر، تیونس، مراکش، اردن اور قطر شامل ہیں۔ متحدہ عرب امارات کی نیوز ایجنسی وام کے مطابق بحرین کے کھلاڑیوں نے سب سے زیادہ 4 تمغے حاصل کئے جن میں 2 طلائی، ایک چاندی اور ایک کانسی کا تمغہ شامل ہے۔ الجزائر 2 طلائی اور ایک کانسی کے تمغوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا۔ مصر اور تیونس نے بھی 3,3 تمغے حاصل کئے، دونوں ممالک نے ایک طلائی، ایک چاندی اور ایک کانسی کا تمغہ جیتا۔ مراکش 2 طلائی اور ایک کانسی کے تمغے کے ساتھ چوتھے نمبر پر رہا، اس کے بعد اردن ایک چاندی کے تمغے کے ساتھ 5ویں اور قطر ایک کانسی کے تمغے کے ساتھ چھٹے نمبر پر رہا۔ اولمپک کی تاریخ میں عرب ایتھلیٹس نے سب سے زیادہ 18 تمغے ٹوکیو اولمپکس 2020 میں حاصل کئے تھے۔











# نیدرلینڈز نے مینز فیلڈ ہاکی میں سونے کا تمغہ جیت لیا

پیرس (اسپورٹس ڈیسک) نیدرلینڈز نے جرمنی کو پیرس اولمپکس گیمز میں مردوں کے فیلڈ ہاکی ایونٹ کے فائنل میں شکست دے کر طلائی تمغہ جیت لیا۔ میچ کا فیصلہ پنالٹی شوٹ آؤٹ پر ہوا، جس پر نیدرلینڈز نے جرمنی کو 3-1 گول سے شکست دی۔ نیدرلینڈز اور جرمنی کی مینز ہاکی ٹیموں کے درمیان کھیلے گئے فائنل میچ میں دونوں ٹیموں کے درمیان انتہائی سخت مقابلہ ہوا مقررہ وقت تک دونوں ٹیموں کے درمیان مقابلہ ایک، ایک گول سے برابر رہا، تاہم میچ کا فیصلہ کن بنانے کے لئے پنالٹی شوٹ آؤٹ کمپٹیشن ہوا جس پر نیدرلینڈز کی ٹیم نے جرمنی کو ایک کے مقابلے میں 3 گول سے ہرا کر طلائی تمغہ جیت لیا۔ جرمنی نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ ادھر کانسی کے تمغے کے لئے کھیلے گئے میچ میں بھارتی ٹیم نے اسپین کو 2-1 گول سے شکست دے کر کانسی کا تمغہ جیتا۔





# الجزائر کی باکسر ایمان خلیف نے سونے کا تمغہ جیت لیا

## 8 سال سے میرا خواب رہا، کامیابی پر خوش ہوں، خاتون اولمپیئن



پیرس (اسپورٹس ڈیسک) الجزائر کی باکسر ایمان خلیف طلائی نے اولمپکس خواتین کے باکسنگ مقابلوں کے فائنل میں چین کی باکسر یو یانگ کو شکست دے کر طلائی تمغہ جیت لیا۔ پیرس اولمپکس میں غلط فہمی کی بنیاد پر تنقید کا نشانہ بننے والی الجزائر کی باکسر ایمان خلیف نے گزشتہ روز خواتین کے ویلٹر ویٹ کیٹیگری کے مقابلے میں چینی حریف یانگ لیو کو 5-0 سے شکست دی۔ چینی باکسر یو یانگ کو شکست دینے سے پہلے ہی وہ رنگ میں خوشی سے جھوم رہی تھیں اور جیسے بیل بجی تو دونوں باکسرز نے ایک دوسرے کو گلے لگایا۔ طلائی تمغہ جیتنے کے بعد ایمان خلیف نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ میں بہت خوش ہوں، 8 سال سے یہ میرا خواب رہا ہے اور اب میں اولمپک چیمپئن اور گولڈ میڈلسٹ ہوں۔ 25 سالہ باکسر کا کہنا تھا کہ میں نے 8 سال بہت محنت کی اور اب میں اولمپک چیمپئن ہوں۔ باکسنگ کے ان مقابلوں میں چینی خاتون باکسر ینگ لیوٹنگ نے چاندی، تھائی لینڈ کی جینجائم سوانا پھینگ اور تائیوان کی چین نینچن 9 کانسی کے تمغے حاصل کیے۔ تنازعات کا شکار ہونے والی ایمان خلیف نے اولمپکس کے مقابلوں میں اپنے باکسنگ کیریئر کی بہترین فائٹس لڑیں، بین الاقوامی سطح پر دونوں باکسرز سے جڑی غلط فہمیوں پر تنقید جاری رہی لیکن ساتھ ہی ان ایتھلیٹس نے اپنے کیریئر کے اعلیٰ ترین لیول پر بہترین کارکردگی دکھائی۔ باکسنگ کے ابتدائی مقابلوں میں اطالوی خاتون باکسر انجیلا کیرینی نے صرف 46 سیکنڈز کے بعد ہی ایمان خلیف سے لڑنے سے انکار کر دیا تھا، جس کے بعد ایمان خلیف مزید شہ سرخیوں کا حصہ بنیں بلکہ آگے آنے والے مقابلے بھی جیتیں، انہوں نے فیصلہ کن معرکے میں بھی کامیابی حاصل کر کے الجزائر کو دوسرا سونے کا تمغہ جتوا دیا۔ ایمان خلیف کا سونے کا تمغہ الجزائر میں خواتین کی باکسنگ کا پہلا تمغہ ہے جبکہ یہ دوسری مرتبہ ہے کہ الجزائر سے کسی نے باکسنگ کے کھیل میں سونے کا تمغہ جیتا ہے، اس سے پہلے حسین سلطانی نے 1996 میں مردوں کی باکسنگ میں سونے کا تمغہ جیتا تھا۔

# اسپین فٹبال چیمپئن بن گیا

## فرانس کو فائنل میں شکست




## امریکا 33 طلائی، 39 چاندی اور 39 کانسی کے کے ساتھ سرفہرست

پیرس (اسپورٹس ڈیسک) پیرس اولمپکس میں مینز فٹبال میں اسپین نے فرانس کو فائنل میں شکست دیدی۔ اولمپکس میں مینز فٹبال میں اسپین نے فرانس کو 1-3 سے شکست دے کر طلائی تمغہ جیت لیا۔ پیرس اولمپکس میں تمغوں کی دوڑ میں امریکا 33 طلائی، 39 چاندی اور 39 کانسی کے تمغوں کے ساتھ پہلی پوزیشن پر براجمان ہے۔ چین کے ٹیبل ٹینس اسٹار مالونگ نے جمعہ کو پیرس میں مردوں کے ٹیم ایونٹ میں اپنے کیریئر کا چھٹا طلائی تمغہ جیت کر چینی اولمپک کی تاریخ رقم کر دی، چین نے 33 سونے 27 چاندی اور 23 کانسی کے تمغوں کے ساتھ دوسری پوزیشن سنبھال رکھی ہے۔ آسٹریلیا 18 طلائی، 16 چاندی اور 14 کانسی کے ساتھ تیسرے نمبر پر موجود ہے جبکہ تمغوں کی ٹیبل پر پاکستان کا ایک طلائی تمغے کے ساتھ 58واں نمبر ہے۔ بھارت 69ویں پوزیشن پر موجود ہے جبکہ خواتین کی 400 میٹر رکاوٹوں والی ریس میں امریکا کی سڈنی میک لافلن نے میدان مار لیا، مردوں کی 200 میٹر ریس بوٹسوانا کے لیٹسائل ٹیبو گو نے جیت لی۔ امریکا نے آسٹریلیا کو 64-85 سے شکست دے کر اولمپک خواتین کے باسکٹ بال کے فائنل میں رسائی حاصل کر لی اور خود کو مسلسل 8ویں طلائی تمغے سے ایک فتح کے نزدیک کر دیا، جبکہ جرمنی مردوں کے ہینڈ بال فائنل میں پہنچ گیا۔ دوسری جانب آئی او سی کے صدر تھامس باخ نے کہا کہ آئندہ اولمپکس گیمز میں باکسنگ کو شامل کرنے کا فیصلہ آئندہ سال کے وسط میں کیا جائے گا۔




# میزان بینک نے

# اولمپک جیولن گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کو اعزاز سے نوازا

## بینک نے ارشد ندیم کو 9,297,000 روپے کی انعامی رقم دی ہے

کراچی: پاکستان کے اسٹار ایتھلیٹ اور جیولن تھرو میں اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کو ان کی تاریخی کامیابی پر معروف اسلامی بینک میزان بینک نے اعزاز سے نوازا ہے۔ میزان بینک کے ہیڈ آفس میں منعقدہ تقریب میں اولمپک 2024 میں شاندار کارکردگی پر ارشد ندیم نے بینک کے بانی صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر عرفان صدیقی سے چیک وصول کیا۔ بینک کا یہ اقدام ملک کیلئے اعزاز لانے والے پلیئرز کو سپورٹ کرنے کے بینک کے عزم کی عکاسی ہے۔

ارشد ندیم نے 2024 کے اولمپکس میں 92.97 میٹر کی غیر معمولی تھرو کے ساتھ گولڈ میڈل حاصل کیا تھا جو کہ 40 سالوں میں پاکستان کا پہلا اولمپک گولڈ میڈل ہے۔ میزان بینک نے ارشد ندیم کو 9,297,000 روپے کی انعامی رقم دی ہے۔ اس طرح میزان بینک نے ارشد ندیم کو گولڈ میڈل جیتنے والی 92.97 میٹر کی تھرو کے ہر میٹر کے بدلے میں ایک لاکھ روپے کا انعام دیا ہے۔

اس موقع پر بینک کے ڈپٹی چیف ایگزیکٹو آفیسر سید عامر علی نے ارشد ندیم کو یادگاری شیلڈ اور تمغہ دیا جو پاکستانی کھیلوں کی تاریخ میں ان کے شاندار سفر اور شراکت کی علامت ہے۔

اس موقع پر عرفان صدیقی نے کہا کہ یہ پاکستان کیلئے ایک یادگار کارنامہ ہے اور ارشد ندیم پر پوری قوم کو فخر ہے۔ ارشد ندیم کی لگن، استقامت اور مثالی کارکردگی لاکھوں پاکستانیوں کیلئے ایک تحریک ہے اور اس سے ثابت ہوتا ہے کہ عزم غیر معمولی کامیابی کا باعث بنتا ہے۔

اس موقع پر ڈپٹی چیف ایگزیکٹو آفیسر سید عامر علی نے کہا کہ ارشد ندیم کی شاندار کامیابی سے نہ صرف بین الاقوامی سطح پر ملک کا وقار بلند ہوا ہے بلکہ یہ کامیابی ہمارے ملک کے نوجوانوں کیلئے ان کے خوابوں کی تعبیر کیلئے حوصلہ افزائی بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم کو متحد کرنے میں ارشد ندیم کی شاندار کارکردگی کا اہم کردار ہے۔ ہم ارشد ندیم کی مسلسل محنت اور شاندار کارکردگی کے عزم کو سراہتے ہیں۔ میزان بینک اسپورٹس مین شپ کو قومی اور عالمی سطح پر کامیابی حاصل کرنے کی ترغیب دینے اور پاکستان بھر میں ٹیلنٹ کو پروان چڑھانے کیلئے پُرعزم ہے۔



## The Closing Ceremony of the Paris Olympics A Grand Farewell

As the curtains closed on the 2024 Summer Olympics in Paris, the Closing Ceremony proved to be a spectacular finale that celebrated not only athletic achievements but also cultural unity. Held on August 11, 2024, at the Stade de France, this event encapsulated the spirit of camaraderie and competition that defined the Olympic Games.

The ceremony featured performances from renowned artists and athletes, highlighting memorable moments from the Games while also looking forward to future competitions. Artistic Director Thomas Jolly created an immersive experience that reflected both Parisian culture and the global nature of the Olympics. The event included traditional elements such as flag presentations and speeches from dignitaries, culminating in a vibrant display of fireworks that lit up the night sky over Paris.

In addition to celebrating athletic prowess, the Closing Ceremony served as a platform for promoting messages of peace and solidarity among nations. As athletes departed from the Stade de France, they carried with them not only medals but also shared experiences that transcended borders.

The Paris 2024 Closing Ceremony attracted thousands of spectators while being broadcasted globally, allowing millions more to participate in this grand farewell. This event left a lasting legacy that inspires future generations to embrace sportsmanship and unity in diversity.

## Football at the 2024 Summer Olympics A Showcase of Rising Stars and Veteran Brilliance

**The football tournaments at the 2024 Summer Olympics in France, held from July 24 to August 10, brought excitement and intense competition across iconic venues like Paris, Marseille, and Bordeaux. In the men's tournament, Spain triumphed with a 5-3 victory over France in a thrilling final that went into extra time. Morocco took bronze with a strong showing, beating Egypt. The tournament, featuring U23 squads with a few veteran players, was a vibrant display of football's future, with standout performances from emerging stars.**

**On the women's side, the U.S. reclaimed their dominance, winning their fifth Olympic gold with a 2-1 victory over Germany in the final. Brazil secured bronze by overcoming Canada, further highlighting their consistent strength on the world stage. With full senior squads in the women's competition, the tournament was packed with skill and drama, drawing fans into every match. The 2024 Olympic football tournaments offered a thrilling mix of youth and experience, setting the stage for even more excitement at the 2028 Games.**



# Tennis at the 2024 Summer Olympics: Historic Wins and Unforgettable Moments

**The tennis tournaments at the 2024 Paris Olympics, from July 27 to August 4, made a historic return to the clay courts of Roland Garros, marking the first Olympic clay event since 1992. Novak Djokovic secured his long-awaited Olympic gold in men's singles, defeating Spain's Carlos Alcaraz in a gripping final that saw both sets decided by tiebreaks. Djokovic's win, in his fifth Olympic appearance, cemented his legacy by completing a career Golden Slam.**

**In the women's singles, China's Zheng Qinwen made history by becoming her nation's first Olympic tennis gold medalist, defeating Croatia's Donna Vekić in an impressive final. The doubles events brought further excitement, with Australia's Matthew Ebden and John Peers winning men's doubles gold, while Italy's Sara Errani and Jasmine Paolini claimed gold in women's doubles. The Czech Republic's duo of Kateřina Siniaková and Tomáš Macháč took gold in the mixed doubles, adding a thrilling end to the competition.**

**The 2024 Olympic tennis events delivered unforgettable moments, from Djokovic's crowning achievement to Zheng's historic win, leaving fans eagerly awaiting the next chapter of Olympic tennis.**





## Basketball at the 2024 Summer Olympics: A Spectacle of Talent and Triumph

**The basketball tournaments at the 2024 Paris Olympics, from July 27 to August 11, showcased the very best in international basketball. The U.S. dominated across both the men's and women's 5x5 tournaments, reaffirming their status as basketball powerhouses. The men's team clinched gold after a commanding 95-73 victory over host nation France, with Serbia taking the bronze in a thrilling overtime win against Germany. On the women's side, the U.S. triumphed over Germany 85-75 in the final, while Australia claimed bronze by defeating Spain.**

**In the exciting 3x3 format, Serbia secured the gold in the men's tournament, edging out the Netherlands 21-18 in a fiercely competitive final. The U.S. women's team continued their Olympic success by winning gold with a 16-13 win over Australia. The tournaments combined thrilling performances, unexpected upsets, and showcased the rise of global talent in basketball, leaving fans eager for the 2028 Olympics.**












# The Opening Ceremony of the 2024 Paris Olympics

## *A Historic Spectacle*

On July 26, 2024, the world witnessed a groundbreaking Opening Ceremony for the Summer Olympics in Paris, marking a significant departure from traditional Olympic events. For the first time in history, the ceremony unfolded outside a stadium, transforming the Seine River into a vibrant stage for the parade of athletes. This innovative approach brought the spirit of the Games directly to the heart of Paris, allowing both locals and visitors to engage with this monumental celebration.

Approximately 10,500 athletes from 206 national delegations paraded along a six-kilometer route on boats, showcasing their nations in an unprecedented aquatic procession. This unique format not only enhanced visibility for spectators but also emphasized inclusivity, as up to 600,000 people lined the riverbanks to witness this historic event. Eighty giant screens and strategically placed speakers ensured that everyone could enjoy the festivities, creating an atmosphere of unity and celebration throughout the city.

Artistic Director Thomas Jolly crafted a program that interwove French culture with Olympic traditions, delivering an artistic showcase that reflected the host nation's heritage. The ceremony culminated at the Trocadéro Gardens with traditional Olympic protocols, including the lighting of the Olympic cauldron by a yet-to-be-announced athlete.

This bold reimagining of the Opening Ceremony aligned with Paris 2024's commitment to accessibility and inclusivity. With its focus on athletes and their stories, this event resonated deeply with audiences worldwide, setting a new standard for future Olympic ceremonies.




FOR MORE INFO VISIT WWW.GLOBALSPORTS.WORDPRESS.COM @GSI_CRICKET GLOBAL SPORTS GLOBAL SPORTS INC @GSI_CRICKET



# MESSAGE FROM PRESIDENT: SHAHID AHMED

On behalf of Global Sports Inc. (GSI), I congratulate Arshad Nadeem for an incredible achievement! Arshad Nadeem's Gold Medal Victory in the 2024 Paris Olympics is truly historic, especially with his record-breaking Javelin Throw of 92.97 meters.

It's a proud moment not only for Pakistan but also for the Pakistani community worldwide. After 32 years, bringing home a Gold Medal and setting a new Olympic record is a monumental accomplishment that will inspire generations to come.

Congratulations to Arshad Nadeem and the entire Pakistani nation!

I appreciate Mr. Syed Wazir Ali Qadri, the editor of All Sports and Incharge of the Jasarat Sports Section, for dedicating this edition of All Sports to recognize Arshad Nadeem who brought record breaking Gold Medal for Pakistan.

Warm Regards,
Shahid Ahmed
President, Global Sports Inc.

## GLOBAL SPORTS CALENDAR 2025

GT-25 CRICKET LEAGUE MAY TO SEPTEMBER 2025

6TH ANNUAL CHAMPIONS CUP MAY 28TH TO 1ST JUNE 2025

20TH ANNUAL DIVERSITY CUP JULY 9TH TO 13TH 2025

3RD ANNUAL DETROIT TAPEBALL CRICKET AUG TO SEP 2025

YOUTH CRICKET CAMP EVERY FRIDAY FOR SUMMER 2025

GLOBAL UNDER 15 CRICKET TOURNAMENT AUGUST 2025

GLOBAL UNDER 19 CRICKET TOURNAMENT AUGUST 2025

FOR MORE INFORMATION, CALL SHAHID AHMED +1 (248) 890-2153 OR VISIT WWW.GLOBALSPORTS.WORDPRESS.COM

@GSI_CRICKET GLOBAL SPORTS GLOBAL SPORTS INC @GSI_CRICKET





Moin Khan Academy




# AFTER SUCCESFUL TOUR OF KARACHI ACADEMY PROUDLY ANNOUNCING THE THREE TOURS.

- 13 Days Under 19 Lahore ' Shekopura& Faisal Abad Tour
- 9 Days Under 16 Karachi Tour
- 7 Days Under 13 Quetta Tour

Shaheen Afridi Autograph for Gwadar Cricket Academy





## High Qualified PCB Certtified Coaches Reaching for Capacity Building





UBL Cricket Academy



Aga Khan Gymkhana Academy

# Grass Root Cricket Development Project

## Gwadar Cricket Academy ( Born To Develop the Skills)

GWADAR CRICKET ACADEMY
GWADAR

**Sponsered By**

KB Enterprises
Hoth Traders & Al Watan
Viking Bottlers Gwadar

**Sponsered By**

West Bay Town Gwadar
Hameed Honda Center
Munawwar Estates